انقلاب اسلامی ایران:

نور کا دھماکہ

محمد رضا رجب نژاد

جملہ جمالیات کے خالق و مہربان خدا کے نام سے جو تمام خوبصورت و دلکش مناظر کا حقیقی مصور ہے۔

بیشک اسلامی انقلاب کی کامیابی دنیا کے عدیم المثال واقعات میں سے ایک ہے اسلامی انقلاب کی تشکیل میں کارفرما اسباب وعوامل اور اغراض ومقاصد کی منزل ہو یا اس کے سایہ میں حاصل ہونے والی نعمتوں اور برکتوں کی رات بہرحال دنیا میں رونما ہونے والا کوئی بھی انقلاب اس کا مقابلہ نہیں کرسکتا ہے۔

اس انقلاب کی بقاء وجاودانگی کا راز یہ ہے کہ یہ انسانی دنیا کو عشق ومحبت، صلح و سلامتی، امن وعدالت اور خوبصورتی وحسن پسندی کا پیغام دیتا ہے اور اس کا رہبر وقائد ایک نورانی اور خدا کی راہ میں فنا سے ہم آغوش ہونے والا انسان ہے۔

انقلاب اسلامی ایران نے دنیا کے لاکھوں آزادی پسند افراد کو ہمہ تن اپنی طرف متوجہ کررکھا ہے۔ اس کی مقبولیت ودلکشی کا حقیقی راز یہ ہے کہ اس نے عالمی انسانی برادری کو محبت عدالت، آزادی اور خود شناسی کی دعوت دی ہے۔

اس انقلاب نے لوگوں کے دل کی گہرائی میں اپنی جگہ بنالی اور انسان کی روح کو پاکیزگی سے مالامال کردیا۔ انسان کا قلب چہرۂ غیب کا آئینہ ہے بشرطیکہ دل کے اس آئینہ پر مٹی جمع نہ ہونے پائے۔

انقلاب اسلامی ایران ایک ایسے معاشرہ کی تشکیل کا خواہاں ہے جو عشق ومحبت اور

حسن وجمال سے مالامال ہو۔

انقلاب اسلامی ایران خداوند عالم سے کئے گئے وعدہ کی تجدید ہے اور خداوند عالم تو عشق کا مکمل ترین مظہر ہے۔ جو شخص حق سے متصل ہوگا وہ لافانی ہو جائے گا۔

انقلاب اسلامی ایران کا نام روح اللہ خمینیؒ کے نام سے غیر معمولی طور پر وابستہ ہوگیا ہے اور پوری دنیا میں اسی نام سے پہچانا جاتا ہے۔

روح اللہ امام خمینیؒ کے بارے میں اظہار خیال کرنا ایک دشوار امر ہے اور ان کے افکار وعقائد اور عظیم کارناموں کا تجزیہ کرنا اس سے بھی زیادہ دشوار کام ہے۔

روح اللہ خمینی اس عظیم شخصیت کا نام ہے جس نے عالمی سیاسی توازن کو مذہبی افکار پر منحصر گہری تبدیلیوں کے ذریعہ ایک ترقی یافتہ باب میں تبدیل کر دیا۔

روح اللہ خمینی درحقیقت ایک عظیم عارف، اجتہاد کی عظیم ترین منزل پر فائز ایک مرد فقیہ، ایک عظیم معلم اخلاق، دنیوی جھمیلوں سے آزاد ایک مرد زاہد، عملی سلوک کے راز ورمز سے بھری ہوئی وادی کی گہرائی میں گوشہ گیر ایک آزاد خیال دانشور، ایک دیندار ماہر سیاست جس کو دنیا میں موجودہ صدی کے دانشمند ترین سیاسی قائد کا درجہ حاصل ہے۔

اگرچہ انقلاب اسلامی ایران کے معمار عظیم الشان کی بلند روح ناپائدار دنیوی تعلقات سے جدا ہوکر ملکوت اعلیٰ سے متصل ہو چکی ہے لیکن ان کی روح آج اور ہمیشہ دنیا کے لاکھوں پاکیزہ نفس افراد کے جسم میں جاری رہے گی اور ان کے تابناک افکار وعقائد دنیا کے لاکھوں خدا طلب انسانوں کے ذہن میں موجزن رہیں گے کیونکہ اسلامی انقلاب دنیا کے لاکھوں کمزور وپسماندہ لوگوں کا عاشق اور ان کی خوشی ورنج وغم میں شریک ہے۔ خداوند عالم کے فضل وکرم کے سایہ میں آج فقط ملت اسلامیہ ایران ہی نہیں بلکہ ساری دنیا کے آزادی پسند لوگ انقلاب اسلامی ایران کی ۲۵ ویں سالگرہ کے موقع پر جشن منا رہے ہیں۔

اس موقع پر اس سے زیادہ مناسب بات اور کیا ہوگی کہ اسلامی انقلاب کے اس عظیم

الشان بانی امام خمینی کی مناجات کے ساتھ اپنی بات ختم کردی جائے۔

اے وہ خدا! جس نے اولیاء کے قلوب کو محبت کے نور سے منور بنادیا اور اپنے جمال کے عاشقوں کو ہم اور میں'' کے جھمیلوں سے بے نیاز کردیا اور کم مایہ وخود خواہ افراد کے ہاتھوں کو اپنی بارگاہ عالیہ تک نہیں پہونچنے دیا۔

ہم لوگوں کو دنیا کی اس زرک بھڑک اور مستی ورعنائی سے ہوشیار رکھ

اورفطری خواب غفلت سے بیداری عنایت کردے۔

اور اپنے ہلکے سے اشارہ سے خود پرستی اور خودپسندی کے موٹے پردوں کو ہمارے سامنے سے ہٹادے۔آمین یارب العالمین

☆☆☆☆☆